© rasailojaraid.com

اگرچہ کلیۃ الشریعۃ میں علماء کی بڑی معقول تعداد تین کلاسوں کی صورت میں زیرِ تربیت ہے جن میں سے ہماری ایک کلاس اس قسم کی ہے جس میں وہ علماء زیرِ تربیت ہیں جو جدید علوم سے بھی بہرہ ور ہیں ان میں عصری یونیورسٹیوں کے اساتذہ بھی شامل ہیں ہماری کوشش ہے کہ یہ شعبہ مستقبل میں المعہد العالی للشریعۃ " یعنی اسلامی شریعت کی اعلیٰ تربیت گاہ کی حیثیت سے نمایاں خدمات انجام دے۔ اس کے علاوہ " مدرسہ رحمانیہ " جو ملک کی ایک معروف دینی درسگاہ ہے اس کا ذکر اس مناسبت سے کر رہا ہوں کہ غالباً آپ کو اس انٹرویو کی تحریک بھی اسی دعوت نامہ سے ہوئی جو اس درسگاہ کی تقریب اسناد پر آپ کو بھیجا گیا تھا۔ مدرسہ رحمانیہ دینی مدارس کو جدید انداز پر چلانے کے لیے ایک تحریک ہے۔ اس نے دینی مدارس کو منظم طریقہ پر چلانے کے لیے ایک اچھی مثال قائم کی ہے۔ اگرچہ ہماری مذکورہ کوششیں مناسب عمارات کی نایابی کی وجہ سے متفرق عمارتوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ تاہم ہمارے سامنے لاہور میں ایک اسلامی یونیورسٹی کا صحیح معنوں میں قیام ہے!۔

---

# سعودی یونیورسٹیوں کے پاکستانی طلباء کا نمائندہ اجتماع

سعودی عرب کی یونیورسٹیوں میں زیرِ تعلیم جملہ اہلِ حدیث طلباء کا سالانہ اجتماع مؤرخہ ۲۲،۲۳ اگست ۱۹۸۱ء بروز ہفتہ۔ اتوار بمقام مرکزی دفتر جمعیت اہلحدیث ۱۰۶۔ راوی روڈ لاہور ہو رہا ہے جس میں پاکستانی مدارس کا سعودی جامعات سے رابطہ اور وہاں زیرِ تعلیم طلبہ کے مسائل پر غور و فکر ہوگا۔ نیز بیرونِ پاکستان تحریک اہلحدیث کو فروغ دینے کے لیے لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

دینی مدارس کے نمائندے مع جملہ کوائف ادارہ متعلقہ اجلاس ہٰذا میں شرکت فرمائیں تاکہ ان کے معادلہ اور فراہمی کتب وغیرہ امور میں پیش رفت ہو سکے۔

محمد شریف عتیق۔ جامعۃ الامام محمد بن سعود الاسلامیہ۔ ریاض (سعودی عرب)

© rasailojaraid.com